سوال

(53) مسجد کی ایک منزل پر عورتیں اور دوسری پر مرد کی نماز کی اقتداء

جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

ہمارے ہاں ایک مسجد ہے جو دو منزلہ ہے۔ اوپر کی منزل مردوں کیلیے ہے اور نچلی منزل عورتوں کے لیے۔ عورتیں مردوں کے ساتھ باجماعت نماز ادا کرتی ہیں جبکہ وہ نچلی منزل میں ہوتی ہیں اور مرد اوپر والی منزل میں۔ عورتیں نہ امام کو دیکھ دسکتی ہیں اور نہ مردوں کی صفوں کو بس درمیان میں مائکروفون ہے جس سے وہ تکبیر سن کر نماز ادا کرتی ہیں۔ اس صورت حال میں ان کی نماز کے متعلق کیا حکم ہے؟ سائل از امریکہ (عبدالرحمن ا۔ پاکستان)

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

مذکورہ صورت میں عورتوں کی نماز درست ہے۔ کیونکہ وہ سب مسجد میں ہیں اور لاؤڈ سپیکر کی آواز کے ذریعہ ان کے لیے اقتداء ممکن ہے۔ علماء کے دو قوال میں سے تر قول یہی ہے۔ اختلاف کی اہمیت صرف اس بات میں ہے جبکہ بعض مقتدی مسجد سے باہ ہوں اور وہ نہ امام کو دیکھ سکتے ہوں اور نہ مقتدیوں کو اور توفیق دینے والا تو اللہ تعالیٰ ہی ہے۔

ھذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ ابن باز رحمہ اللہ

جلداول - صفحہ 72

محدث فتویٰ